© rasailojaraid.com

کتاب کی ابتداء میں علامہ علی شیر حیدری اور ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان قاری محمد حنیف جالندھری زید مجدھم کی تقاریظ ہیں، کتاب کا ورق اعلیٰ اور جلد بندی مضبوط ہے، مکتبہ دارالاشاعت کراچی سے شائع ہوئی ہے۔

**خصائل نبوی ﷺ کا دلآویز منظر، مؤلف:** مولانا عبدالقیوم حقانی، **ناشر:** القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ، خالق آباد، ضلع نوشہرہ، سرحد پاکستان، **صفحات:** ۱۶۶۔

"الشمائل المحمدیہ" امام ترمذی رحمہ اللہ کی تالیف ہے، جس میں حضور اکرم ﷺ کے حلیہ مبارک، اخلاق وعادات اور خصائل حمیدہ سے متعلق روایات نقل کی گئی ہیں، جامع ترمذی کی طرح، امام ترمذی رحمہ اللہ کی اس تالیف کو بھی اللہ تعالیٰ نے قبولیت سے نوازا اور رہتی دنیا تک کے انسانوں کو اس کتاب سے پیغمبر علیہ السلام کے حلیہ مبارک، خصائلِ حمیدہ اور عمدہ اخلاق واطوار کی طرف راہنمائی ملتی رہے گی۔ مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب کے قلم سے نکلی ہوئی یہ شرح بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، اس کتاب کے کئی شروح وحواشی تحریر کیے گئے، مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب زید مجدہ کی یہ تالیف بھی اسی چمن کی باغبانی ہے جس کے روح پرور جھونکے اس ناسوتی عالم کی مکدر فضاؤں کو رہتی دنیا تک مشکبار ومعطر کرتے رہیں گے۔ مولانا حقانی کی یہ شرح پہلے بڑے سائز کی تین جلدوں میں مرتب کی گئی تھی، اب اس کو چھوٹے سائز کی آٹھ جلدوں میں پیش کیا جارہا ہے، "خصائل نبوی کا دلآویز منظر" کے نام سے اس سلسلے کی یہ ساتویں کڑی ہے، سرِ ورق پر اس جلد میں شامل موضوعات کا تعارف ان الفاظ میں پیش کیا گیا ہے:

> "حضور اقدس ﷺ کے اخلاق وعادات، عفو ودرگذر، رضا بالقضاء، خدام کی دلداری وخاطرداری، اکرامِ ضیف، وسعتِ اخلاق وسخاوت، بستر مبارک اور آرام فرمانے کا طریقہ، کھردرے بستر کو ترجیح، تواضع وعبدیت، لکڑیاں جمع کرنا، سادگی وفروتنی، ظاہری جمال کے ساتھ عظمت وجلال، تعلیم وتربیت کے اہداف، دربار نبوت علم وخدمت کا مرکز، درسگاہِ نبوی کے فضلاء، مجالسِ نبوت کے مختلف مناظر، ہاتھوں کی ملائمت، جود وعطا کے مراتب، مقامِ حیاء، حیاء کا اکمل نمونہ، معالجہ اور پچھنے لگوانا، ہدیہ لینا اور بہترین بدل دینا، الغرض شمائل نبوی کے سینتیس (۳۷) احادیث کی عالمانہ، محققانہ، سلیس اور عام فہم تشریح وتوضیح کا حسین مرقع۔"

شرح میں ہر بات کو معتبر کتابوں سے بحوالہ پیش کیا گیا ہے، البتہ اس کو جدید انداز تحقیق میں ڈھالنے کی گنجائش موجود ہے، یہ کتاب مضبوط جلد بندی کے ساتھ درمیانے کاغذ پر چھپی ہے۔

© rasailojaraid.com